

مؤلف:

امام ابو عبداللہ محمد بن سلیمان جزولی رضی اللہ عنہ

بروایت حضرت شیخ الدلائل سید علی حریری مدنی رحمۃ اللہ علیہ

بمطابق نسخہ حضرت مولانا شاہ محمد عبدالحق صاحب مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم: حضرت علامہ مفتی محمد اطہر نعیمی اشرفی دامت فیوضہم العالیہ

بروز بدھ

اَلْحِزْبُ الثَّالِثُ مِنَ الْاَحْزَابِ الثَّامِنُ

آ ٹھ ا حز ا ب میں سے تیسر ا حز ب

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى رُوْحِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْاَرْوَاحِ وَعَلٰى

پروردگار درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ کی روح مبارک پر تمام ارواح میں

جَسَدِهٖ فِى الْاَجْسَادِ وَعَلٰى قَبْرِهٖ فِى الْقُبُوْرِ وَعَلٰٓى

اور آپکے جسد (جسم) مبارک پر تمام اجسام میں اور قبروں میں آپکی قبر مبارک پر اور آپکی آل

اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ * اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

و اصحاب پر سلام بھیج (سلامتی نازل فرما) پروردگارا درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ كُلَّمَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ * اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

محمد (ﷺ) پر جب بھی ذکر (یاد) کرنے والے ان کا ذکر کریں پروردگارا درود بھیج (رحمتیں نازل فرما)

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ *

ہمارے آقا محمد ﷺ پر جب جب کہ ان کے ذکر سے غفلت برتنے والے ان کے ذکر سے غافل ہوں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

پروردگار درود و سلام بھیج (رحمتیں اور سلامتی نازل فرما) ہمارے آقا نبی امی محمد ﷺ پر

وَاَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ

اور آپ ﷺ کی ازواج مطہرات جو مسلمانوں کی مائیں ہیں، آپ کی ذریت پر آپکے اہل بیت پر

صَلٰوةً وَّسَلَامًا لَّا يُحْصٰى عَدَدُهُمَا وَلَا يُقْطَعُ مَدَدُهُمَا *

ایسا صلوٰۃ و سلام کہ جسکی تعداد شمار میں نہ آسکے اور نہ ان کی کثرت کا سلسلہ منقطع ہو سکے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَآ اَحَاطَ

پروردگار! اتنا درود بھیج (اتنی رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر جو تیرے علم کو محیط ہوں

بِهٖ عِلْمُكَ وَ اَحْصَاهُ كِتَابُكَ صَلٰوةً تَكُوْنُ لَكَ رِضَآءً

اور تیری کتاب میں منضبط (منقول) ہوں ایسے درود (رحمتیں) جو تیری رضا کا سبب ہوں

وَّلِحَقِّهٖ اَدَآءً وَّاَعْطِهِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ

اور تیرے حقوق کی ادائیگی (کے ضامن ہوں) اور ہمارے آقا کو وسیلہ فضیلت اور بلند درجہ (مرتبہ)

الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ نِ الَّذِىْ وَعَدْتَّهٗ

عطا فرما اور انہیں اس مقام محمود پر پہنچا دے جسکا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے

وَاجْزِهٖ عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ وَعَلٰى جَمِيْعِ اِخْوَانِهٖ مِنَ

اور انہیں انکے شایانِ شان جزا عطا فرما۔ اور انکے تمام بھائیوں پر (درود اور رحمتیں نازل فرما)

النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصَّالِحِيْنَ ۞

جنکا تعلق طبقہ انبیاء (علیہم السلام) صدیقین شہداء اور صالحین (نیکو کاروں) سے ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاَنْزِلْهُ الْمُنْزَلَ الْمُقَرَّبَ

پروردگار درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر اور قیامت کے دن انہیں

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ *

اپنے قرب میں جگہ عطا فرما پروردگارا! درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر

اَللّٰهُمَّ تَوِّجْهُ بِتَاجِ الْعِزِّ وَالرِّضٰى وَالْكَرَامَةِ ۞

پروردگار انہیں عزت (و عظمت) اپنی رضا اور راحت کا تاج پہنا

اَللّٰهُمَّ اَعْطِ لِسَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ مَا سَاَلَكَ لِنَفْسِهٖ

پروردگار ہمارے آقا محمد ﷺ کو اس سے بہتر عطا فرما جو انہوں نے اپنی ذات کے لئے طلب فرمایا

وَاَعْطِ لِسَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ مَا سَاَلَكَ لَهٗ اَحَدٌ مِّنْ

اور ہمارے آقا محمد ﷺ کو اس سے بہتر (مرتبہ) عطا فرما جو تیری مخلوق میں سے کسی نے انکے لئے

خَلْقِكَ وَاَعْطِ لِسَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ مَا اَنْتَ مَسْئُوْلٌ

طلب کیا اور ہمارے آقا محمد ﷺ کو وہ سب کچھ مرتبہ عطا فرما جو قیامت تک

لَهٗ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ❁ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

ان کے لئے طلب کیا جائیگا پروردگار درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر

وَّسَيِّدِنَا اٰدَمَ وَسَيِّدِنَا نُوْحٍ وَّسَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ وَ

اور ہمارے آقا آدم علیہ السلام اور ہمارے آقا نوح علیہ السلام اور ہمارے آقا ابراہیم علیہ السلام اور

سَيِّدِنَا مُوْسٰى وَسَيِّدِنَا عِيْسٰى وَمَا بَيْنَهُمْ مِّنَ

ہمارے آقا موسیٰ علیہ السلام اور ہمارے آقا عیسیٰ علیہ السلام اور انکے درمیان جو انبیاء اور رسول

النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهٗ عَلَيْهِمْ

(علیہم السلام) گزرے ان سب پر اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور سلامتی ہوں

اَجْمَعِيْنَ ❁ ثَلٰثًا * اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى اَبِيْنَا سَيِّدِنَا

(تین بار) پروردگار درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا

اٰدَمَ وَاُمِّنَا سَيِّدَتِنَا حَوَّآءَ صَلٰوةَ مَلٰٓئِكَتِكَ

ہمارے والد حضرت آدم علیہ السلام اور ہماری والدہ، ہماری سردار سیدہ حوا (علیہا السلام) پر اپنے اور فرشتوں کی طرف سے درود نازل فرما

وَاَعْطِهِمَا مِنَ الرِّضْوَانِ حَتّٰى تُرْضِيَهُمَا وَاجْزِهِمَا

اور ان دونوں کو اپنی ایسی خوشنودی سے نواز تاکہ یہ دونوں کو (خوش) راضی کردے

اَللّٰهُمَّ اَفْضَلَ مَا جَازَيْتَ بِهٖ اَبًا وَّ اُمًّا عَنْ

خداوندا انہیں ایسی افضل ترین جزا عطا فرما جو تو نے کسی باپ اور ماں کو

وَّلَدَيْهِمَا ۞ ثَلٰثًا * اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا جِبْرِيْلَ

انکی اولاد کی طرف سے عطا فرمائی ہو (تین بار) پروردگار رحمتیں نازل فرما ہمارے سردار جبریل اور

وَسَيِّدِنَا مِيْكَائِيْلَ وَسَيِّدِنَا اِسْرَافِيْلَ وَسَيِّدِنَا

ہمارے سردار میکائیل اور ہمارے سردار اسرافیل اور ہمارے سردار

عِزْرَآئِيْلَ وَحَمَلَةِ الْعَرْشِ وَعَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ

عزرائیل (علیہم السلام) پر عرش (عظیم) اٹھانے والے (فرشتوں) پر اور تمام ملائکہ

وَالْمُقَرَّبِيْنَ وَعَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ

تمام مقربین اور تمام انبیاء و مرسلین پر اللہ تعالیٰ کے درود (رحمتیں اور سلامتی) ہو

صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهٗ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ ۞ ثَلٰثًا ۞

اور ان سب پر (رحمتوں اور سلامتیوں کا نزول ہو) (تین بار)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا عَلِمْتَ وَ

پروردگار درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد (ﷺ) پر ان چیزوں کی تعداد کے مطابق جو تیرے علم میں ہیں

مِلْأَ مَا عَلِمْتَ وَزِنَةَ مَا عَلِمْتَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ *

اور ان چیزوں کی گنجائش پر جو تیرے علم میں ہیں اور ان چیزوں کے وزن کے برابر جو تیرے علم میں ہیں اور اپنے کلمات کی سیاہی کے مطابق

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً مَّوْصُوْلَةً

پروردگارا درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر جس میں ہمیشہ اضافہ ہوتا رہے (کبھی منقطع نہ ہوں)

بِالْمَزِيْدِ ❁ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً لَّا

پروردگارا درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر جنکا سلسلہ

تَنْقَطِعُ اَبَدَ الْاٰبَادِ وَلَا تَبِيْدُ * اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

ابد الآباد تک باقی رہے اور کبھی منقطع نہ ہو پروردگارا ایسے درود بھیج (ایسی خاص رحمتیں نازل فرما)

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاتَكَ الَّتِيْ صَلَّيْتَ عَلَيْهِ وَسَلِّمْ عَلٰى

ہمارے آقا محمد ﷺ پر جیسی کہ تو نے ان پر رحمتیں نازل فرمائیں ہیں اور ایسا ہی سلام (سلامتی) نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَلَامَكَ الَّذِيْ سَلَّمْتَ عَلَيْهِ وَاجْزِهٖ

ہمارے آقا محمد ﷺ پر جیسی سلامتی تو نے انہیں عطا فرمائی اور انہیں

عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ ❁ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

انکی شان کے مطابق جزا عطا فرما۔ پروردگارا ایسا درود بھیج (ایسی رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر

صَلٰوةً تُرْضِيْكَ وَتُرْضِيْهِ وَتَرْضٰى بِهَا عَنَّا وَاجْزِهٖ

جس سے تو راضی ہو اور تیری رضا پر وہ راضی ہو جائیں اور (انکے وسیلے سے) تو ہم سے راضی ہو جائے

عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ ❁ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور انہیں انکی شان کے مطابق جزا عطا فرما پروردگارا درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر

بَحْرِ اَنْوَارِكَ وَمَعْدِنِ اَسْرَارِكَ وَلِسَانِ حُجَّتِكَ وَعَرُوْسِ

جو تیرے انوار کا سمندر تیرے اسرار (بھیدوں) کی کان تیری حجت (دلیلوں) کے ترجمان

مَمْلَكَتِكَ وَاِمَامِ حَضْرَتِكَ وَطِرَازِ مُلْكِكَ وَ

تیری مملکت کے دولہا تیری بارگاہ کے امام پیشوا تیرے ملک کی زینت

خَزَآئِنِ رَحْمَتِكَ وَطَرِيْقِ شَرِيْعَتِكَ الْمُتَلَذِّذِ

تیری رحمت کے خزانے تیری شریعت کا راستہ تیری وحدانیت سے

بِتَوْحِيْدِكَ اِنْسَانِ عَيْنِ الْوُجُوْدِ وَالسَّبَبِ فِىْ كُلِّ

لطف اندوز ہونے والے موجودات کی آنکھ کی پتلی اور ہر موجود کے وجود (پیدا ہونے کا)

مَوْجُوْدٍ عَيْنِ اَعْيَانِ خَلْقِكَ الْمُتَقَدِّمِ مِنْ نُّوْرِ

کا سبب تیری مخلوق کے بزرگوں کی آنکھ (سب سے افضل) تیری سب سے پہلی تجلی کا نور

ضِيَآئِكَ صَلٰوةً تَدُوْمُ بِدَوَامِكَ وَتَبْقٰى بِبَقَآئِكَ

(ان پر) ایسی رحمتیں نازل فرما جو تیری ہمیشگی کی طرح ہمیشہ باقی رہیں

لَا مُنْتَهٰى لَهَا دُوْنَ عِلْمِكَ صَلٰوةً تُرْضِيْكَ وَتُرْضِيْهِ

(اور) تیرے علم کے علاوہ انکی کوئی انتہا نہ ہو (پروردگار) ایسی رحمت نازل فرما جو تیری

وَتَرْضٰى بِهَا عَنَّا يَارَبَّ الْعَالَمِيْنَ ❁ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اور انکی رضا کا سبب بنے اور اے رب العالمین (انکے طفیل) تو ہم سے راضی ہو جائے پروردگار!

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِىْ عِلْمِ اللّٰهِ صَلٰوةً

درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر اس تعداد کے مطابق جو علم الٰہی میں ہیں

دَآئِمَةً بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰهِ ❁ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور ایسی رحمتیں جو اللہ تعالیٰ کے ہمیشہ رہنے والے ملک کی طرح ہمیشہ باقی رہیں پروردگار! درود بھیج (رحمتیں نازل فرما)

مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى

ہمارے آقا محمد ﷺ پر جیسا کہ رحمتیں نازل فرمائیں تو نے ہمارے آقا ابراہیم علیہ السلام پر

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى

اور برکتیں نازل فرما ہمارے آقا محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر جیسی کہ برکتیں تو نے آل ابراہیم علیہ السلام پر

اٰلِ سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ فِى الْعَالَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

تمام جہانوں میں نازل فرمائی تھیں بیشک تیری ذات لائق ستائش اور بزرگی والی ہے

عَدَدَ خَلْقِكَ وَرِضَآءَ نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ

(یہ برکتیں) اپنی مخلوق کی تعداد کے مطابق اپنی ذات کی رضا اپنے عرش کے وزن اور اپنے

كَلِمَاتِكَ وَعَدَدَ مَا ذَكَرَكَ بِهٖ خَلْقُكَ فِيْمَا مَضٰى وَ

کلمات کی روشنائی کے مطابق اور اس تعداد کے مطابق گزرے ہوئے زمانے میں تیری مخلوق نے تیرا ذکر کیا (تجھے یاد کیا)

عَدَدَ مَا هُمْ ذَاكِرُوْنَكَ بِهٖ فِيْمَا بَقِىَ فِىْ كُلِّ سَنَةٍ وَّ

اور بقیہ زمانہ میں تجھے یاد کیا جائے گا ہر سال ہر مہینہ

شَهْرٍ وَّجُمُعَةٍ وَّيَوْمٍ وَّلَيْلَةٍ وَّسَاعَةٍ مِّنَ السَّاعَاتِ

ہر جمعہ اور ہر دن صبح و شام شب و روز ہر گھڑی (لمحہ) دماغ کے

وَشَمٍّ وَّنَفَسٍ وَّطَرْفَةٍ وَّلَمْحَةٍ مِّنَ الْاَبَدِ اِلَى الْاَبَدِ

خوشبو سونگھنے سانس لینے پلک جھپکنے اور (بیساختہ) نظر پڑنے اور ابتدائے آفرینش (زمانے

وَاٰبَادِ الدُّنْيَا وَاٰبَادِ الْاٰخِرَةِ وَاَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ لَا يَنْقَطِعُ

کی پیدائش) سے انتہا تک۔ (دنیا کی ابتداء سے آخرت تک) اور اس سے بھی زیادہ جسکا اول

اَوَّلُهٗ وَلَا يَنْفَدُ اٰخِرُهٗ * اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

کبھی منقطع نہ ہو اور اسکے آخر کی کوئی انتہا نہ ہو پروردگار! درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا

عَلٰى قَدْرِ حُبِّكَ فِيْهِ * اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

محمد ﷺ پر ان سے اپنی محبتوں کے برابر پروردگار! درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر

عَلٰى قَدْرِ عِنَايَتِكَ بِهٖ * اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

جتنی عنایتیں تو نے ان پر فرمائیں ہیں پروردگار! ہمارے آقا محمد ﷺ پر

حَقَّ قَدْرِهٖ وَمِقْدَارِهٖ * اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

انکے مرتبہ اور انکی شان کے مطابق درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) پروردگار! ہمارے آقا محمد ﷺ پر

صَلٰوةً تُنَجِّيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِيْ

ایسا درود بھیج (ایسی رحمتیں نازل فرما) کہ جس کے طفیل تو ہمیں ہر طرح کے خوف اور آفتوں سے نجات عطا فرما دے

لَنَا بِهَا جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّاٰتِ

اور اس کے سبب ہماری تمام حاجتوں کو پورا فرمادے اور ہمیں تمام گناہوں سے پاک فرمادے

وَتَرْفَعُنَا بِهَا اَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ

اور ہمیں بلند مراتب پر پہنچا دے اور انکی برکت سے ہمیں تمام نیکیوں کی اعلیٰ حد تک پہنچا دے

مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرٰتِ فِى الْحَيٰوةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ *

زندگی میں اور مرنے کے بعد

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةَ الرِّضٰى وَارْضَ

پروردگار! ایسا درود بھیج (ایسی رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر جو تیری رضا کا باعث ہوں

عَنْ اَصْحَابِهٖ رِضَآءَ الرِّضٰى ❁ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور انکے طفیل انکے صحابہ سے بہترین رضا کے ساتھ راضی ہوجا پروردگار! ایسا درود (ایسی رحمتیں)

مُحَمَّدِنِ السَّابِقِ لِلْخَلْقِ نُوْرُهٗ وَرَحْمَةٌ لِّلْعَالَمِيْنَ ظُهُوْرُهٗ

ہمارے آقا محمد ﷺ پر نازل فرما جن کا نور سب مخلوق سے پہلے اور جنکا ظہور تمام جہانوں کے لئے رحمت ہے

عَدَدَ مَنْ مَّضٰى مِنْ خَلْقِكَ وَمَنْ بَقِىَ وَمَنْ سَعِدَ

اتنے لوگوں کی تعداد کے مطابق تیری مخلوق میں جوگزر چکے اور جنکا آنا ابھی باقی ہے اور ان میں سے جو نیک بخت ہوئے

مِنْهُمْ وَمَنْ شَقِىَ صَلٰوةً تَسْتَغْرِقُ الْعَدَّ وَتُحِيْطُ بِالْحَدِّ

اور جو بد بخت بنے پروردگار! ان (محمد ﷺ) پر ایسی رحمتیں نازل فرما جو تمام گنتی (اعداد کو) گھیر لے اور درود شریف کی حدوں کا احاطہ کرے

صَلٰوةً لَّاغَايَةَ لَهَا وَلَامُنْتَهٰى وَلَا انْقِضَآءَ صَلٰوةً دَآئِمَةً

پروردگار! ایسا درود بھیج (ایسی رحمتیں نازل فرما) جسکی غایت و نہایت کی (حد) نہ ہو ایسا درود (رحمت)

بِدَوَامِكَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا مِّثْلَ ذٰلِكَ ❁

جو تیری ہمیشگی کی طرح ہمیشہ رہے پروردگار رحمتیں نازل فرما آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آل واصحاب پر اور اسی طرح کا آپ پر سلام بھیج

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ مَلَاْتَ قَلْبَهٗ مِنْ

پروردگار! درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر جنکے قلب مبارک کو تو نے اپنے جلال سے بھر دیا

جَلَالِكَ وَعَيْنَهٗ مِنْ جَمَالِكَ فَاَصْبَحَ فَرِحًا مُّؤَيَّدًا

اور انکی آنکھوں کو اپنے جمال سے (رونق بخشی) (اس طرح) وہ مسرور (خوش) اور مدد پاتے ہوئے فتح یاب ہوئے

مَّنْصُوْرًا وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ

اور آپ ﷺ کی آل پر آپ کے صحابہ پر سلام اور سلامتی نازل فرما اور تمام تعریفیں

عَلٰى ذٰلِكَ * اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ

زیتون کے درختوں کے پتوں اور تمام پھلوں کی تعداد کے مطابق پروردگار! درود بھیج (رحمتیں

عَدَدَ اَوْرَاقِ الزَّيْتُوْنِ وَجَمِيْعِ الثِّمَارِ * اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

نازل فرما) ہمارے آقا و مولی محمد ﷺ پر ان چیزوں کی تعداد کے مطابق جو ہو چکیں یا ہونے والی ہیں

سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا كَانَ وَمَا يَكُوْنُ وَعَدَدَ

اور ان اشیاء کی تعداد کے برابر جن پر رات کی تاریکی چھائی یا دن کی روشنی پھیلی پروردگار درود بھیج

مَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِ اللَّيْلُ وَاَضَآءَ عَلَيْهِ النَّهَارُ * اَللّٰهُمَّ صَلِّ

(رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا ومولی محمد (ﷺ) پر آپکی آل اور ازواج مطہرات اور آپکی ذریت (امت) پر (رحمتیں نازل فرما)

عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ

آپکی امت کے لوگوں کی سانسوں کے برابر۔ پروردگار انکی بارگاہ میں درود پڑھنے کے طفیل

عَدَدَ اَنْفَاسِ اُمَّتِهٖ * اَللّٰهُمَّ بِبَرَكَةِ الصَّلٰوةِ عَلَيْهِ

ہمارا شمار اپنے کامیاب بندوں میں فرما اور انکے حوض (کوثر) پر حاضر ہوکر

اجْعَلْنَا بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ مِنَ الْفَآئِزِيْنَ وَعَلٰى حَوْضِهٖ مِنَ

سیرابی حاصل کرنے والوں میں سے بنادے۔ اوراپنے محبوب صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی سنتوں پرعمل کرنے والا اور آپکا اطاعت گزار بنادے۔

الْوَارِدِيْنَ الشَّارِبِيْنَ * وَبِسُنَّتِهٖ وَطَاعَتِهٖ مِنَ الْعَامِلِيْنَ *

اے رب العالمین قیامت کے دن ہمارے اور انکے درمیان پردہ حائل نہ فرمانا

وَلَا تَحُلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَارَبَّ الْعٰلَمِيْنَ *

رب العالمین کے لئے ہیں پروردگار! درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا و مولی محمد ﷺ پر

وَاغْفِرْ لَنَا وَلِوَالِدِيْنَا وَلِجَمِيْعِ الْمُسْلِمِيْنَ ۞

ہماری ہمارے والدین اور تمام جہاں کے مسلمانوں کی بخشش فرما۔ تمام تعریفیں اس اللہ تعالی

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ۞

کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا رب ہے

اِبْتِدَآءُ الثُّلُثِ الثَّانِیْ

دوسرے ثلث کی ابتداء (تہائی حصہ)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

خداوندا درود و سلام اور برکتیں نازل فرما ہمارے آقا محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَكْرَمِ خَلْقِكَ وَسِرَاجِ اُفُقِكَ وَاَفْضَلِ قَآئِمٍ

کی آل پر جو تیری تمام مخلوق سے زیادہ عزت والے اور تیرے افق (آسمان) کے چراغ (درخشندہ آفتاب) ہیں

بِحَقِّكَ الْمَبْعُوْثِ بِتَيْسِيْرِكَ وَرِفْقِكَ صَلٰوةً يَّتَوَالٰى

اور تیرے حق کو قائم رکھنے (ادا کرنے والوں میں سب سے افضل ہیں اور انکی بعثت تیری طرف سے آسانی اور نرمی (کی عکاس) ہے

تَكْرَارُهَا وَتَلُوْحُ عَلَى الْاَكْوَانِ اَنْوَارُهَا * اَللّٰهُمَّ صَلِّ

پروردگار! ایسا درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) جسکی بار بار تکرار ہو بار بار پڑھا جائے اور اس کے انوار ہر چیز پر چمکتے دمکتے رہیں۔ خداوندا

وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

درود و سلام بھیج (رحمتیں سلامتی اور برکتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر

اَفْضَلِ مَمْدُوْحٍ بِقَوْلِكَ وَاَشْرَفِ دَاعٍ لِّلْاِعْتِصَامِ

جنکی تعریف و توصیف تو نے اپنے قول کرم (کلام) سے فرمائی ہے۔ اور تیرے (دین) کی رسی کو پکڑنے کی دعوت دینے والوں میں افضل ترین شخصیت ہیں

بِحَبْلِكَ وَخَاتَمِ اَنْبِيَآئِكَ وَرُسُلِكَ صَلٰوةً تُبَلِّغُنَا

اور تیرے نبیوں اور رسولوں میں سب سے آخر میں مبعوث ہونے والی ذات ہیں۔ ایسا درود (رحمت) بھیج

فِى الدَّارَيْنِ عَمِيْمَ فَضْلِكَ وَكَرَامَةَ رِضْوَانِكَ وَوَصْلِكَ

جو ہمیں دنیا و آخرت میں تیرے عمومی فضل۔ تیری رضا (خوشنودی) اور تیری ملاقات کی سعادتوں سے ہمکنار کردے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

خداوندا درود و سلام بھیج (رحمتیں اور برکتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی آل پر

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَكْرَمِ الْكُرَمَآءِ مِنْ عِبَادِكَ وَاَشْرَفِ

(اور اس ذات اقدس پر) جو تیرے بزرگ (نیک) بندوں میں سب سے زیادہ بزرگ ہیں اور تیری (عطا کردہ)

الْمُنَادِيْنَ لِطُرُقِ رَشَادِكَ وَسِرَاجِ اَقْطَارِكَ وَبِلَادِكَ

ہدایت کی طرف بلانے والوں میں سب سے زیادہ عزت وشرف والے ہیں تیری (بنائی ہوئی) زمین کے کناروں اور تیرے شہروں کو (منور کرنے والے) چراغ ہیں۔

صَلٰوةً لَّا تَفْنٰى وَلَا تَبِيْدُ تُبَلِّغُنَا بِهَا كَرَامَةَ الْمَزِيْدِ

پروردگار! ایسا درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) جو کبھی نہ فنا ہو اور نہ نیست و نابود ہو بلکہ عزت (واحترام) میں زیادتی کا ذریعہ ہو

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

خداوندا درود و سلام بھیج (رحمتیں اور سلامتی نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر اور انکی آل پر

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الرَّفِيْعِ مَقَامُهٗ الْوَاجِبِ تَعْظِيْمُهٗ

(اور اس نبی مکرم پر) جنکا مقام (مرتبہ) بہت بلند، جنکی تعظیم اور جنکا احترام واجب (فرض) ہے

وَاحْتِرَامُهٗ صَلٰوةً لَّا تَنْقَطِعُ اَبَدًا وَّلَا تَفْنٰى سَرْمَدًا

ان پر ایسا درود (رحمتیں نازل فرما) جو کبھی منقطع (ختم) نہ ہو اور نہ کبھی فنا ہو (ہمیشہ رہے)

وَّلَا تَنْحَصِرُ عَدَدًا ❁ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور شمار میں نہ آسکے (لا تعداد ہو) خداوندا درود و سلام بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ

اور آپ ﷺ کی آل پر جیسا کہ تو نے رحمتیں نازل فرمائیں ہمارے آقا ابراہیم (علیہ السلام) پر

وَعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ فِي الْعَالَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ❁

اور انکی آل پر تمام جہانوں میں بیشک تیری ذات لائق احترام اور بزرگی والی ہے

وَصَلِّ اللّٰهُمَّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور (اے پروردگار) درود و سلام بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر

كُلَّمَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ وَغَفَلَ عَنْ ذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ ❁

جب بھی ذکر کرنے والے ان کا ذکر کریں اور غافل ان کے ذکر سے غفلت برتیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

خداوندا درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر

وَّارْحَمْ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا وَّاٰلَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ

اور (اے پروردگار) رحمتیں نازل فرما ہمارے آقا محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر (پروردگار)

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ

برکتیں نازل فرما ہمارے آقا محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر جیسا کے تو نے درود بھیجا

وَرَحِمْتَ وَبَارَكْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ

اور رحمتیں برکتیں نازل فرمائیں ہمارے آقا ابراہیم علیہ السلام پر اور انکی اولادکرم پر

سَیِّدِنَا اٰلِ اِبْرٰهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۞ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

بیشک تیری ذات لائق ستائش اور بزرگی والی ہے۔ خداوندا درود بھیج (رحمتیں نازل فرما)

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الطَّاهِرِ الْمُطَهَّرِ وَعَلٰی اٰلِهٖ

ہمارے آقا نبی امی محمد ﷺ پر جو طاہر و مطہر (پاک اور پاک کئے گئے ہیں) اور انکی آل پر رحمتیں

وَسَلِّمْ ۞ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ خَتَمْتَ بِهِ الرِّسَالَةَ وَ

اور سلامتی بھیج خداوندا درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) اس ذات اقدس پر جن پر تو نے رسالت ختم فرمائی

اَیَّدْتَّهٗ بِالنَّصْرِ وَالْكَوْثَرِ وَالشَّفَاعَةِ ۞ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

اور اپنی (خاص) مدد سے انکی تائید فرمائی حوض (کوثر) عطا کیا اور منصب شفاعت پر فائز فرمایا۔ خداوندا درود بھیج

سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ نَّبِیِّ الْحُكْمِ وَالْحِكْمَةِ السِّرَاجِ

(رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا و مولیٰ محمد ﷺ پر جو حکم و حکمت والے نبی۔ روشن چراغ (درخشندہ آفتاب)

الْوَهَّاجِ الْمَخْصُوْصِ بِالْخُلُقِ الْعَظِیْمِ وَخَتْمِ الرُّسُلِ

جو خلق عظیم کے ساتھ مخصوص فرمائے گئے ہیں وہ ختم المرسلین

ذِی الْمِعْرَاجِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَتْبَاعِهِ السَّالِكِیْنَ

جو سفر معراج پر تشریف لے گئے اور انکی آل انکے اصحاب مکرم اور ان نیکو کاروں پر جنہوں نے انکے بتائے ہوئے سیدھے

عَلٰی مَنْهَجِهِ الْقَوِیْمِ ۞ فَاَعْظِمِ اللّٰھُمَّ بِهٖ مِنْهَاجَ

راستے کا اتباع کیا خداوندا عظمتیں عطا فرما ان اسلام کے ستاروں

نُجُوْمِ الْاِسْلَامِ وَمَصَابِیْحِ الظَّلَامِ الْمُهْتَدٰی بِهِمْ

تاریکیوں کو منور کرنے والوں پر جن سے اندھیری راتوں میں شک کی تاریکی سے ہدایت حاصل کی جاتی ہے

فِیْ ظُلْمَةِ لَیْلِ الشَّكِّ الدَّاجِ صَلٰوةً دَآئِمَةً مُّسْتَمِرَّةً

ہمیشہ باقی رہنے والی ایسی رحمتیں جو اس وقت تک

مَّا تَلَاطَمَتْ فِی الْاَبْحُرِ الْاَمْوَاجُ وَطَافَ بِالْبَیْتِ الْعَتِیْقِ

باقی رہیں جب تک سمندروں میں اٹھنے والی موجیں تلاطم میں رہیں۔ اور دور دور سے سفر کرکے آنے والے

مِنْ کُلِّ فَجٍّ عَمِیْقٍ نِ الْحُجَّاجُ وَاَفْضَلُ الصَّلٰوةِ وَالتَّسْلِیْمِ

حاجی بیت اللہ کا طواف کرتے رہیں خداوندا افضل ترین صلوٰۃ و سلام بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِهِ الْكَرِیْمِ وَصَفْوَتِهٖ مِنَ

ہمارے آقا محمد ﷺ پر جو تیرے (اللہ تعالیٰ کے) معزز رسول اور بندوں میں سے تیرے منتخب کردہ ہیں

الْعِبَادِ وَ شَفِیْعِ الْخَلَآئِقِ فِی الْمِیْعَادِ صَاحِبِ الْمَقَامِ

اور قیامت کے دن ساری مخلوق کے شفیع اور مقام محمود پر فائز

الْمَحْمُوْدِ وَالْحَوْضِ الْمَوْرُوْدِ النَّاهِضِ بِاَعْبَآءِ الرِّسَالَةِ

اور اس حوض (کوثر) کے صاحب (مالک) جہاں لوگ (اپنی پیاس بجھانے) پہنچیں گے۔ وہ (مقدس رسول)

وَالتَّبْلِیْغِ الْاَعَمِّ وَالْمَخْصُوْصِ بِشَرَفِ السِّعَایَةِ فِی

منصب رسالت اور عمومی تبلیغ کی ذمہ داریوں کے بارگراں کو اٹھانے والے اور ان ذمہ داریوں کو پورا کرنے میں کوشش کرنے والے ہیں

الصَّلَاحِ الْاَعْظَمِ ❁ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰٓی اٰلِهٖ

جو بندگانِ خدا کی بھلائی کے لئے آپ کے ساتھ مخصوص ہیں۔ خداوندا درود بھیج آپ ﷺ

صَلٰوةً دَآئِمَةً مُّسْتَمِرَّةَ الدَّوَامِ عَلٰی مَرِّ اللَّیَالِیْ

کی ذات اقدس پر اور آپ کی آل پر ایسی دائمی رحمتیں نازل فرما جو گردش لیل و نہار (شب و روز) کے باوجود جاری رہیں

وَالْاَيَّامِ ٭ فَهُوَ سَيِّدُ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ٭ وَاَفْضَلُ

کیونکہ آپ ﷺ کی ذات اقدس اولین و آخرین کی سردار اور آپ ﷺ

الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ٭ عَلَيْهِ اَفْضَلُ صَلٰوةِ الْمُصَلِّيْنَ ٭

اولین و آخرین میں افضل ترین ہیں جو آپ ﷺ پر درود پڑھنے والوں کا افضل ترین درود ہو

وَاَزْكٰى سَلَامِ الْمُسَلِّمِيْنَ ٭ وَاَطْيَبُ ذِكْرِ الذَّاكِرِيْنَ ٭

اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر سلام بھیجنے والوں کا افضل ترین سلام ہو۔ اور ذکر کرنے والوں کا بہترین ذکر آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر ہو۔

وَاَفْضَلُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ ٭ وَاَحْسَنُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ ٭

اور اللہ تعالی کی افضل ترین رحمتیں آپ پر ہوں اور اللہ تعالی کی بہترین رحمتیں آپکے شامل حال ہوں

وَاَجَلُّ صَلَوَاتِ اللّٰهِ ٭ وَاَجْمَلُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ ٭

اور اللہ تعالی کے بزرگ ترین درود (رحمتیں) اور اللہ تعالی کے زیبا ترین خوبصورت ترین درود (رحمتیں)

وَاَكْمَلُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ ٭ وَاَسْبَغُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ ٭

اور کامل ترین درود (رحمتیں) اور اللہ تعالی کی اور کامل و مکمل ترین درود (رحمتیں) اور اللہ تعالی کی

وَاَتَمُّ صَلَوَاتِ اللّٰهِ ٭ وَاَظْهَرُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ ٭

تم (کبھی تمام نہ ہونے والے) درود (رحمتیں) اور اللہ کی طرف سے سب سے زیادہ روشن (تابناک) درود (رحمتیں) اور اللہ تعالی کی طرف سے

وَاَعْظَمُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ ٭ وَاَزْكٰى صَلَوَاتِ اللّٰهِ ٭

عظیم ترین درود (رحمتیں) اور اللہ تعالی کی طرف سے سب سے زیادہ پاکیزہ درود (رحمتیں) اور اللہ تعالی کی طرف سے

وَاَطْيَبُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ ٭ وَاَبْرَكُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ ٭

سب سے زیادہ پاکیزہ درود (رحمتیں) اور اللہ تعالی کی طرف سے سب سے زیادہ بابرکت درود (رحمتیں) اور اللہ تعالی کی طرف سے

وَاَذْكٰى صَلَوَاتِ اللّٰهِ ❁ وَاَنْمٰى صَلَوَاتِ اللّٰهِ ❁ وَاَوْفٰى

سب سے زیادہ مزکی (مصفٰی) درود (رحمتیں) اللہ تعالیٰ کی طرف سے بہت ہی زیادہ نشوونما (پھلنے پھولنے) والے درود (رحمتیں) اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے

صَلَوَاتِ اللّٰهِ * وَاَسْنٰى صَلَوَاتِ اللّٰهِ ❁ وَاَعْلٰى صَلَوَاتِ

اللہ تعالیٰ کے مکمل ترین درود (رحمتیں) اور بلند مرتبہ درود (رحمتیں) اللہ تعالیٰ کی طرف سے اور اعلیٰ ترین درود (رحمتیں) اللہ تعالیٰ کی طرف سے

اللّٰهِ ❁ وَاَكْثَرُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ * وَاَجْمَعُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ ❁

اور بہت زیادہ درود (رحمتیں) اللہ تعالیٰ کی طرف سے اور جامع ترین درود (رحمتیں) اللہ تعالیٰ کی

وَاَعَمُّ صَلَوَاتِ اللّٰهِ ❁ وَاَدْوَمُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ * وَاَبْقٰى

اور رحمت عامہ کے مطابق اللہ تعالیٰ کے درود اور رحمتیں ہوں۔ اور ہمیشہ رہنے والے درود اور اللہ تعالیٰ کی رحمتیں ہوں

صَلَوَاتِ اللّٰهِ ❁ وَاَعَزُّ صَلَوَاتِ اللّٰهِ ❁ وَاَرْفَعُ صَلَوَاتِ

اور اللہ تعالیٰ کے باقی رہنے والے درود اور رحمتیں ہوں۔ اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے عزت والے درود اور رحمتیں ہوں۔ اور اللہ تعالیٰ کے بلند ترین

اللّٰهِ * وَاَعْظَمُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ ❁ عَلٰٓى اَفْضَلِ خَلْقِ اللّٰهِ ❁

درود اور رحمتیں نازل ہوں اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے عظیم ترین درود اور رحمتیں نازل ہوں اس ذات اقدس پر جو اسکی مخلوق کی افضل ترین شخصیت ہیں

وَاَحْسَنِ خَلْقِ اللّٰهِ * وَاَجَلِّ خَلْقِ اللّٰهِ ❁ وَاَكْرَمِ

اور اللہ تعالیٰ کی بہترین مخلوق اور اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سب سے جلیل القدر اور اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں

خَلْقِ اللّٰهِ ❁ وَاَجْمَلِ خَلْقِ اللّٰهِ * وَاَكْمَلِ خَلْقِ اللّٰهِ

سب سے زیادہ بزرگ اور مخلوق خداوندی میں اجمل ترین اور اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں کامل ترین ذات

وَاَتَمِّ خَلْقِ اللّٰهِ ❁ وَاَعْظَمِ خَلْقِ اللّٰهِ ❁ عِنْدَ اللّٰهِ *

اور مخلوق الٰہی انبیاء علیہم السلام میں سب سے آخر اور مخلوق الٰہی میں سب سے عظیم آپ ﷺ جنکے یہ مراتب بارگاہ خداوندی میں ہیں

رَسُوْلِ اللّٰهِ ● وَنَبِيِّ اللّٰهِ ❀ وَحَبِيْبِ اللّٰهِ * وَصَفِيِّ

وہ نبی مکرم ﷺ اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ اسکے نبی ﷺ اور اللہ تعالیٰ کے محبوب ﷺ ہیں وہ نبی ﷺ اللہ تعالیٰ

اللّٰهِ * وَنَجِيِّ اللّٰهِ ❀ وَخَلِيْلِ اللّٰهِ ● وَوَلِيِّ اللّٰهِ ❀

کے برگزیدہ اللہ تعالیٰ سے ہم کلام ہونے والے اور اللہ تعالیٰ کے خلیل اور اللہ تعالیٰ کے دوست

وَاَمِيْنِ اللّٰهِ ● وَخِيَرَةِ اللّٰهِ مِنْ خَلْقِ اللّٰهِ * وَنُخْبَةِ

اور اسرار الٰہی (اللہ تعالیٰ کے بھیدوں) کے امین اور اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سب سے برگزیدہ شخصیت اور مخلوق ہیں

اللّٰهِ مِنْ بَرِيَّةِ اللّٰهِ ❀ وَصَفْوَةِ اللّٰهِ مِنْ اَنْبِيَآءِ اللّٰهِ ●

اللہ تعالیٰ کی منتخب کردہ شخصیت اور اللہ تعالیٰ کے مبعوث کئے ہوئے نبیوں میں (کی) منتخب شخصیت

وَعُرْوَةِ اللّٰهِ * وَعِصْمَةِ اللّٰهِ ● وَنِعْمَةِ اللّٰهِ ❀ وَ

اللہ تعالیٰ کی طرف سے (تمام عالم کے لئے دستاویز) اور اس ذات اقدس ﷺ جو اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں ہیں اور تمام جہانوں کے لئے اللہ تعالیٰ کی نعمت ہیں

مِفْتَاحِ رَحْمَةِ اللّٰهِ ❀ اَلْمُخْتَارِ مِنْ رُّسُلِ اللّٰهِ * اَلْمُنْتَخَبِ

اور اللہ تعالیٰ کی رحمت کے خزانوں کی کنجی (چابی) ہیں اور اللہ تعالیٰ کے بھیجے ہوئے رسولوں میں سب سے زیادہ پسندیدہ ذات

مِنْ خَلْقِ اللّٰهِ الْفَآئِزِ بِالْمَطْلَبِ فِى الْمَرْهَبِ وَالْمَرْغَبِ ●

جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولوں میں وہ اعزاز عطا فرمایا کہ آپ ﷺ خوف وامید کے مواقع میں مطلب حاصل فرمائیں

اَلْمُخْلَصِ فِيْمَا وُهِبَ * اَكْرَمِ مَبْعُوْثٍ ❀ اَصْدَقِ

اور بارگاہ الٰہی سے جو کچھ انہیں عطا ہوا اسکے بارے میں سراپا خلوص والے تمام انبیاء اور رسولوں میں سب سے معزز بولنے والوں میں

قَآئِلٍ ● اَنْجَحِ شَافِعٍ * اَفْضَلِ مُشَفَّعٍ اِلْاَمِيْنِ فِيْمَا

صادق القول (سچے) ہر کہنے والے کے مقابلہ میں اپنی بات منوانے والے۔ شفاعت کرنے والوں میں سب سے شاندار شفاعت کرنے والے

اسْتُوْدِعَ الصَّادِقِ فِيْمَا بَلَّغَ الصَّادِعِ بِأَمْرِ رَبِّهٖ

اللہ تعالیٰ کی امانتوں کے سچے امین بلا خوف و خطر دو ٹوک انداز میں حکم الٰہی کو پہنچانے والے

الْمُضْطَلِعِ بِمَا حُمِّلَ * أَقْرَبِ رُسُلِ اللّٰهِ إِلَى اللّٰهِ

اور وسیلہ کے سلسلے میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو ذمہ داریاں سپرد ہوئیں انکو ثابت قدمی سے پورا کرنے والے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اس کے سب سے مقرب وسیلہ

وَسِيْلَةً وَّ أَعْظَمِهِمْ غَدًا عِنْدَ اللّٰهِ مَنْزِلَةً وَّفَضِيْلَةً

فضیلت کے اعتبار سے قیامت کے دن سب سے زیادہ عظمت والے رسول ﷺ

وَّأَكْرَمِ أَنْبِيَآءِ اللّٰهِ الْكِرَامِ الصَّفْوَةِ عَلَى اللّٰهِ * وَأَحَبِّهِمْ

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں تمام برگزیدہ اور بزرگ نبیوں سے زیادہ معزز و مکرم

إِلَى اللّٰهِ وَأَقْرَبِهِمْ زُلْفٰى لَدَى اللّٰهِ * وَأَكْرَمِ الْخَلْقِ

اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں تمام انبیاء سے زیادہ محبوب اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سب سے زیادہ قریب اور تمام مخلوق خداوندی میں

عَلَى اللّٰهِ * وَأَحْظَاهُمْ وَأَرْضَاهُمْ لَدَى اللّٰهِ * وَأَعْلَى

اللہ تعالیٰ کی سب سے زیادہ اکرام و (اعزاز) والے اور بارگاہِ الٰہی میں سب سے زیادہ مرتبہ والے اور اللہ تعالیٰ کے سب سے زیادہ پسندیدہ

النَّاسِ قَدْرًا * وَّأَعْظَمِهِمْ مَحَلًّا وَّأَكْمَلِهِمْ مَحَاسِنًا

اور بارگاہِ الٰہی میں عالم کے بسنے والے لوگوں میں سب سے زیادہ بلند مرتبہ والے اور مرتبہ کے لحاظ سے سب سے اعلیٰ محاسن وفضیلت

وَّفَضْلًا وَّأَفْضَلِ الْأَنْبِيَآءِ دَرَجَةً * وَّأَكْمَلِهِمْ شَرِيْعَةً

کے اعتبار سے سب سے افضل بلندیٔ درجات کے نقطۂ نظر سے سب انبیاء سے افضل اور مکمل شریعت (لانے والے) نبی مکرم ﷺ

وَّأَشْرَفِ الْأَنْبِيَآءِ نِصَابًا وَّأَبْيَنِهِمْ بَيَانًا وَّخِطَابًا وَّ

اصل (حقیقت میں) تمام انبیاء سے زیادہ شرف وعزت والے بیان وخطاب کے معاملات میں سب سے زیادہ فصاحت والے

اَفْضَلِهِمْ مَّوْلِدًا وَّمُهَاجَرًا وَّعِتْرَةً وَّاَصْحَابًا

اور وہ شہر جہاں آپ ﷺ کی ولادت ہوئی اور جہاں آپ نے ہجرت فرمائی آپ کی اولاد امجاد اور صحابہ کرام میں آپ ان سب سے افضل ہیں

وَّاَكْرَمِ النَّاسِ اَرُوْمَةً وَّ اَشْرَفِهِمْ جُرْثُوْمَةً

اور نسلا (خاندانی اعتبار سے) سب سے زیادہ بزرگ، جماعت کے لحاظ سے سب سے زیادہ شرف و عزت والے،

وَّخَيْرِهِمْ نَفْسًا وَّ اَطْهَرِهِمْ قَلْبًا وَّاَصْدَقِهِمْ

ذاتی نقطہ نظر سے سب سے بہتر سب سے زیادہ پاک دل سب سے زیادہ صادق القول

قَوْلًا وَّ اَزْكَاهُمْ فِعْلًا وَّ اَثْبَتِهِمْ اَصْلًا وَّاَوْفَاهُمْ

پاکیزہ کردار والے نسبی اعتبار سے سب پر فائق عہد (وعدہ)

عَهْدًا وَّ اَمْكَنِهِمْ مَّجْدًا وَّ اَكْرَمِهِمْ طَبْعًا وَّ

کو پورا کرنے والے بزرگی کے لحاظ سے سب سے بہتر طبیعت کے لحاظ سے سب سے کریم

اَحْسَنِهِمْ صُنْعًا وَّ اَطْيَبِهِمْ فَرْعًا وَّ اَكْثَرِهِمْ

معاملات میں سب سے بہتر سب سے اچھی ہر اولاد والے اطاعت و فرمانبرداری میں سب سے بڑھ کر

طَاعَةً وَّ سَمْعًا وَّ اَعْلَاهُمْ مَّقَامًا وَّ اَحْلَاهُمْ

اعلیٰ مقام پر فائز سب سے اچھی و شیریں کلامی

كَلَامًا وَّ اَزْكَاهُمْ سَلَامًا وَّ اَجَلِّهِمْ قَدْرًا وَّ

گفتگو کرنے والے سلام میں سب سے زیادہ پاکیزہ انداز اختیار کرنے والے قدر و منزلت کے اعلیٰ مقام پر فائز

اَعْظَمِهِمْ فَخْرًا وَّ اَسْنَاهُمْ فَخْرًا وَّ اَرْفَعِهِمْ

فخر و بزرگی کی اعلیٰ منزلوں پر فائز

فِي الْمَلَاِ الْاَعْلٰى ذِكْرًا وَّ اَوْفَاهُمْ عَهْدًا وَّ

ملاء اعلیٰ (کے فرشتوں) میں آپکا ذکر سب سے بلند اپنے عہد کو اپنے سب سے زیادہ پورا کرنے والے

اَصْدَقِهِمْ وَعْدًا وَّ اَكْثَرِهِمْ شُكْرًا وَّ اَعْلَاهُمْ

اور وعدہ کے سچے سب سے زیادہ شکر کرنے والے تعمیل احکام میں

اَمْرًا وَّ اَجْمَلِهِمْ صَبْرًا وَّ اَحْسَنِهِمْ خَيْرًا وَّ

سب سے بلند سب سے زیادہ صبر والے سب سے زیادہ بھلائی کرنے والے

اَقْرَبِهِمْ يُسْرًا وَّ اَبْعَدِهِمْ مَّكَانًا وَّ اَعْظَمِهِمْ

آسانی پہنچانے میں سب سے قریب منزلت کے اعتبار سے سب سے بلند سب سے زیادہ عظمت

شَانًا وَّ اَثْبَتِهِمْ بُرْهَانًا وَّ اَرْجَحِهِمْ مِّيْزَانًا وَّ


اور شان والے سب سے زیادہ روشن دلیلوں والے میزان میں اعمال کا پلہ جھکانے والے (سب سے زیادہ جھکے ہوئے پلڑے والے)

اَوَّلِهِمْ اِيْمَانًا وَّ اَوْضَحِهِمْ بَيَانًا وَّ اَفْصَحِهِمْ

سب سے پہلے ایمان لانے والے اور وضاحت کے ساتھ بیان (گفتگو) فرمانے والے سب سے زیادہ فصیح گفتگو فرمانے والے

لِسَانًا وَّ اَظْهَرِهِمْ سُلْطَانًا *

(برہان) نبوت کے معاملات میں سب سے زیادہ روشن وتابناک غالب (کردار والے)



ہماری دیگر ایپس کو آزمائیں

درود وسلام	الحزب الاعظم	مناجات الفقیر	الحزب الاعظم
قانون مفرد اعضاء Qanoon Mufrad Aza	جادو جنات عملیات Jadu Jinnat Amliyat	Online Quran Teaching	Tibbi Murakibat طبی مرکبات
Inheritance Meeras Calculator میراث کیلکولیٹر	درسِ نظامی	Aftabi Shilajit The Power of Himalayas	Tibbi Mufridat طبی مفردات
حج وعمرہ گائیڈنس	آئین پاکستان	Quranic Grammar	عمرہ
غیر مستند احادیث Zaeef Ahadith			

School Of Quran Academy Online Quran Teaching